سیکھنے سکھانے کے حلقوں کا جدول

# واجب قربانی نہ کرنا

05 جون 2025



# سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

**(1):** مختلف موضوعات پر مختصر بیان:5منٹ **(2):** دُعا یاد کرنا:5منٹ **(3):** جائزہ:5منٹ۔ **کُل دورانیہ:15منٹ**

آج سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں **واجِب قربانی نہ کرنا** کے موضوع پر مفید ترین مَعْلُومات دی جائیں گی اور **قربانی کا جانور ذَبح کرنے کے بعد کی دُعا** یاد کروائی جائے گی۔ دعا یاد کروانے کے بعد **نیک اعمال** کے رسالے سے اجتماعی جائزہ لیا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم:** تم اپنی مجلسوں کو مجھ پر درود پڑھ کر آراستہ کرو بے شک تمہارا مجھ پر درود پڑھنا روزِ قیامت تمہارے لیے نور ہو گا۔[1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## واجِب قربانی نہ کرنا

### قربانی کس پر واجِب ہے؟

قربانی واجِب ہونے کی تین صُورتیں ہیں: **(1):** ہر آزاد مسلمان، مقیم (یعنی جو مُسَافِر نہ ہو) اگر وہ صاحِبِ نصاب ہو (یعنی اس کے پاس ساڑھے 7 تولے سونا، ساڑھے 52 تولے چاندی یا اتنی قیمت کا سامان وغیرہ ہو) تو اس پر قربانی واجب ہے۔[2] **(2):** اگر قربانی کی منّت مان لی (مثلاً کہا: اللہ پاک کے لئے مجھ پر قربانی ہے)، چاہے وہ صاحِب نصاب ہو یا نہ ہو، اس پر بھی قربانی واجب ہو جائے گی۔ **(3):** فقیر (یعنی جو صاحِبِ نصاب نہیں، وہ) اگر قربانی کے لئے جانور خرید لے تو اس پر خاص اسی جانور کی قربانی واجب ہے۔[3]

---

1 ... مسند الفردوس، جلد:2، صفحہ:291، حدیث:3330۔

2 ... الھدایۃ شرح بدایۃ المبتدی، کتاب الاضحیہ، جلد:2، جُز:4، صفحہ:403۔

3 ... بہارِ شریعت، جلد:3، صفحہ:331، حصہ:15 ماخوذ۔

## واجِب قربانی نہ کرنے کے مختلف احکام

(1): واجِب قربانی نہ کرنا حرام اور جہنّم میں لے جانے والا کام ہے۔[1] (2): قربانی کے وقت میں قربانی کرنا ہی لازِم ہے، کوئی دوسری چیز اس کی جگہ نہیں لے سکتی۔[2] (3): قربانی کی جگہ بکری یا اس کی قیمت صدقہ کرنا کافِی نہیں ہے۔[3] اگر ایسا کرے گا تو عذاب کا حقدار ہو گا۔[4] (4): قربانی کا اِنکار کرنے والا گمراہ ہے[5] اور جو اسے ظُلم کہے (جیسے بعض آزاد خیال یالبرل ذِہنیت کے مالِک کہہ دیتے ہیں) کافِر ہے۔[6] (5): جس پر قربانی واجب ہے، اس کو خود اپنے نام سے قربانی کرنا ہو گی، اگر اپنی زوجہ، لڑکے یا کسی اور کی طرف سے کرے گا، تو اس کا واجب ادا نہ ہو گا۔[7] (6): ایک گھر یا ایک خاندان کے مختلف افراد پر (مثلاً باپ، بیٹے، بھائی، چچا تایا وغیرہ پر الگ الگ) قربانی واجب ہونے کے باوُجود اگر ان سب کی طرف سے صِرف ایک قربانی (مثلاً بکرا یا بھیڑ) یا (بڑے جانور کے) صِرف ایک حصے کی قربانی کی جائے گی تو کسی کی بھی قربانی ادا نہیں ہو گی۔[8] (7): قربانی اللہ پاک کے لئے کی اور اس کا ثواب مسلمانوں (مثلاً اپنے فوت شدہ والدین، عزیز رشتے دار، بلکہ تمام اُمّتِ مسلمہ) پہنچایا تو قربانی درست ہو گی اور ثواب سب کو پہنچے گا۔[9] (8): قربانی واجِب تھی مگر نہ کی اور قربانی کے اَیّام گزر گئے، اب جانور یا اس کی قیمت صدقہ کرنا واجِب ہے۔[10]

(**نوٹ**: اس مسئلے کی مختلف صورتیں ہیں، لہٰذا ضرورتاً دارُ الافتاء اہلسنت یا کسی بھی عاشقِ رسول ماہِر مفتی صاحب سے راہنمائی لے لیجئے)۔

---

1 … فتاوی رضویہ، جلد:10، صفحہ:290 ماخُوذًا۔
2 … بہار شریعت، جلد:3، صفحہ:335، حصہ:15 بتغیر قلیل۔
3 … بہار شریعت، جلد:3، صفحہ:335، حصہ:15۔
4 … فتاویٰ رضویہ، جلد:10، صفحہ:290۔
5 … فتاویٰ فقہ ملت، جلد:2، صفحہ:242 ملخصًا۔
6 … فتاویٰ رضویہ، جلد:14، صفحہ:356۔
7 … فتاویٰ امجدیہ، جلد:3، صفحہ:315۔
8 … فتاویٰ اہلسنت، ریفرنس نمبر:1861 بتغیر قلیل۔
9 … فتاویٰ رضویہ، جلد:20، صفحہ:457 بتغیر قلیل۔
10 … الھدایۃ شرح بدایۃ المبتدی، کتاب الاضحیہ، جلد:2، جُز:4، صفحہ:406۔

## آیت مبارکہ

فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ؕ﴿۲﴾ (پارہ:30،سورۂ الکوثر:2) | ترجمہ کنزُ العرفان: تو تم اپنے رب کے لئے نماز پڑھو اور قربانی کرو۔

تفسیر نور العرفان میں ہے: اس آیت سے دو مسئلے معلوم ہوئے: (1): قربانی (یعنی شرعی طریقے کے مطابق مخصوص جانور کا خون بہانا) اسلامی شِعار (یعنی اسلامی کی پہچان) ہے، اس کے بدلے قیمت وغیرہ نہیں دی جاسکتی۔ (2): قربانی صِرف مَکّہ مُعَظَّمہ والوں یا حاجیوں کے لئے خاص نہیں (بلکہ جس کے لئے شرائط پُوری ہوں، اس پر واجب ہے)۔[1]

## فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم

جس کے پاس قُربانی کی وُسعت ہو، پھر بھی قربانی نہ کرے، وہ ہماری عید گاہ کے قریب نہ آئے۔[2] **ایک حدیث پاک میں فرمایا:** دوزخ میں سب سے پہلے تین شخص جائیں گے، ان میں سے ایک وہ مالدار کہ اپنے مال میں اللہ پاک کا حق (مثلاً زکوۃ، فطرہ اور قربانی وغیرہ) ادا نہیں کرتا۔[3]

## واجب قربانی نہ کرنے کے گُناہ میں مبتلا ہونے کے بعض اسباب

(1): علم دین کی کمی (کہ بعض لوگ دِینی معلومات کی کمی کے سبب غلط انداز میں قربانی کرتے ہیں یا اُن پر قربانی واجب ہو رہی ہوتی ہے، اور وہ جانتے ہی نہیں کہ ہم پر قربانی واجب ہے، یُوں ترکِ واجب کے گُناہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں)
(2): مال کی محبّت (3): بے راہ رَوِی (یعنی بُرے نظریات کے پیچھے چلنا) (4): بُری صحبت (مثلاً آزاد خیال اور لبرل قسم کے لوگوں کی صحبت میں بیٹھنا، ان کی باتیں سُننا، ٹی وی چینل یا سوشل میڈیا وغیرہ پر ان کے پروگرام دیکھنا وغیرہ)۔

---

1 ... تفسیر نور العرفان، پارہ:30، سورۂ الکوثر، تحت الآیۃ:2، صفحہ:906۔
2 ... ابن ماجہ، کتاب الاضاحی، باب الاضاحی واجبۃ ام لا؟، صفحہ:509، حدیث:3123۔
3 ... صحیح ابن خزیمہ، کتاب الزکوۃ، باب ذکر ادخال مانع الزکوۃ النار...الخ، صفحہ:515، حدیث:2249۔

## واجب قربانی نہ کرنے کے گُناہ سے بچنے کے لئے

علم دین حاصل کیجئے!(کم از کم فرض عِلْمِ دین تو سیکھ ہی لیجئے کہ فرض عِلْمِ دین نہ سیکھنا گُناہ ہے) مال کی محبّت دِل سے نکالیئے! نیک لوگوں بالخصوص حضرت ابراہیم و حضرت اسماعیل علیہ السلام کی بے مثال قربانیوں کے واقعات پڑھیئے! اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم! ایمان مضبوط ہو گا، دِل سے دُنیا کی محبّت نکلے گی اور جذبۂ ایمانی بڑھے گا قربانی کرنے کے فضائل پڑھیئے!(مثلاً حدیثِ پاک میں ہے: جس نے خوش دلی سے ثواب حاصل کرنے کے لئے قربانی کی، وہ قربانی جہنّم کی آگ سے حِجاب(یعنی رَوک) ہو جائے گی[1]) سُنی سُنائی باتوں پر چلنے کی بجائے دُرُست اور مضبوط ذرائع سے ہی عِلْمِ دِین سیکھئے! آج کل بہت سے جاہِل یا فتنہ باز سوشل میڈیا وغیرہ پر سَستی شہرت کمانے کے لئے جہالت پھیلاتے اور لوگوں کو گمراہ کرتے رہتے ہیں، ان کی باتوں سے دُور رہنا ہی مناسب ہے، امام اِبْنِ سِیْرِیْن رَحمۃُ اللہِ عَلَیْہ فرماتے ہیں: یہ عِلْم تمہارا دِین ہے، غور کرو! تُم اپنا دِین کس سے سیکھ رہے ہو۔[2] بُری صحبت سے بچیئے، اچھے لوگوں کے پاس بیٹھنے، اچھوں ہی کی باتیں سُننے اور اچھوں ہی کو دوست بنانے کا پکّا عزم کر لیجئے! یاد رکھئے! بُری صحبت ایمان کے لئے سخت نقصان دہ ہے۔

**نوٹ:** قربانی کے تعلق سے تفصیلی معلومات کے لئے ❊ شیخِ طریقت امیرِ اہلسنت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا رسالہ **ابلق گھوڑے سوار** ❊ اور مکتبۃ المدینہ کی کتاب **بہارِ شریعت** جلد:3، صفحہ:327 سے 357 پڑھ لیجئے!

## سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دُعا

### قربانی کا جانور ذبح کرنے کے بعد کی دعا

قربانی اپنی طرف سے ہو تو ذبح کے بعد یہ دعا پڑھئے!

اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّیْ کَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ خَلِیْلِکَ اِبْرَاھِیْمَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ

---

1 ... معجم کبیر، جلد:2، صفحہ:213، حدیث:2670۔

2 ... مسلم، مقدمہ، باب بیان ان الاسناد فی الدینا...الخ، صفحہ:14۔

وَحَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**ترجمہ:** اے اللہ! تو مجھ سے (اس قربانی کو) قبول فرما جیسے تو نے اپنے خلیل ابراہیم عَلَیْہِ السَّلَام اور اپنے حبیب مُحَمَّد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم سے قبول فرمائی۔ (1)

اگر دوسرے کی طرف سے قربانی کریں تو مِنِّی کی جگہ مِنْ کہہ کر اس کا نام لیجئے۔

## اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

### یومیہ 56 نیک اعمال:

(1) اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2) پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3) ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4) رات میں سُوْرَۃُ الْمُلْک پڑھ یا سن لی؟ (5) ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُوْرَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6) کنزُالایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7) شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8) 313 بار دُرُود شریف پڑھے؟ (9) آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10) کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11) فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12) 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13) اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14) غصے کا علاج کیا؟ (15) اپنا جائزہ کیا؟ (16) اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17) آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18) مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19) عشاء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20) دو گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21) فجر کے لئے جگایا؟ (22) دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23) گھر درس ہوا؟ (24) مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25) سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26) زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27) ایک مشت داڑھی ہے؟ (28) گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29) سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30) مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31) کچھ نہ کچھ سنّتوں پر عمل کیا؟ (32) ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33) تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34) اَوّابِین یا اِشْراق و چاشت پڑھیں؟ (35) عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36) 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟ (37) دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟ (38) جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟ (39) کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟ (40) ذاتی دوستی تو نہیں کی؟ (41) وقت پر قرض ادا کر دیا؟ (42) عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟ (43) صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟ (44) مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟ (45) بعد فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟ (46) کچھ نہ کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47) چوک درس دیا یا سنا؟ (48) والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟ (49) اِسْراف سے بچے؟ (50) ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟ (51) تنظیمی

---

(1)... بہار شریعت، جلد:3، صفحہ:352، حصہ:15، ابلق گھوڑے سوار، صفحہ:14۔

طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟(52)زبان کے گناہوں سے بچے؟(53)فضول باتوں سے بچے؟(54)مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55)عمامہ شریف باندھا؟(56)ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

✲ لکھ کر گفتگو 12 مرتبہ ✲ اشارے سے گفتگو 12 مرتبہ ✲ نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو 12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57)اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58)ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59)ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60)یومِ تعطیل اِعْتِکَاف کیا؟(61)مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62)ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63)ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64)علاقائی دورہ کیا؟(65)پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟